30/03/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئے

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پروانچل کے اُن مجاہد ین آزادی، ادیبوں ، فنکاروں اور صنعت کاروں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے ، جنہوں نے ایک جدید بھارت کی تعمیر کےلئے انتہائی لگن کے ساتھ کام کرنے کے علاوہ اپنی ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں سے ہزاروں زندگیوں کو روشنی بخشی۔

وہ نئی دلی میں منعقدہ ''ماٹی'' نام کے پروانچل فیسٹول کے آٹھویں شمارے کی تقریب میں بول رہے تھے۔ انہوں نے ''ماٹی'' ٹرسٹ سے وابستہ ہر ایک شخص کی حوصلہ افزائی کی۔

جتیندر سنگھ

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے گذشتہ دس برس کے مرکزی سرکار کے اہم اقدامات کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ مودی سرکار اس بات کےلئے پُر عزم ہے کہ لائن میں کھڑے آخری شخص تک بہتر حکمرانی کا ثمرہ پہنچ جائے۔

وہ انڈین انسٹی چیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کے71ویں یوم تاسیس کے موقعے پر ڈاکٹر راجندر ا پرساد سالانہ یادگاری لیکچر دے رہے تھے جس کا موضوع'' انتو دیا سے سروودیا'' تھا۔

عیدالفطر

سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک میں آج عید الفطر منائی جارہی ہے۔ وہاں کل شام29روزوں کے اختتام پر عید کا چاند دیکھا گیا ۔

ادھر برصغیر میں آج29واں روزہ ہے اور یہاں آج شام چاند کی رویت کی جائے گی۔ اگر شوال کا چاند دکھائی دیا، تو اُس صورت میںیہاں بھی کل عید الفطر منائی جائے گی۔

اس دوران مسلمانانِ عالم ماہ رمضان کے اختتام پذیر ہونے کے ساتھ ہی اس مقدس اور متبرک مہینے کو الوداع کررہے ہیں۔

ناپ تول

دریں اثناءعید الفطر کی تقریب سعید کی آمد آمد کے پیش نظر جمونوکشمیر کے تمام چھوٹے بڑے بازاروں میں خاصی چھل پہل اور رونق دیکھی جا رہی ہے۔ انتظامیہ نے لازمی اشیاءکی دستیابی اور گراں فروشی کو قابو میں رکھنے کےلئے اپنی جانب سے بازاروں کے معائنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔

اس بارے مینلیگل میٹرولوجی جمونو کشمیر کی کنٹرولر انوردھا گپتا نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔

فوڈ سیفٹی

دوسری جانب محکمہ فوڈ سیفٹی بھی غذائی چیزوں کا معیار برقرار رکھنے کےلئے لگاتار بازاروں کی چیکنگ کرنے میں مصروف عمل ہے۔

فوڈ سیفٹی کشمیر کے اسسٹنٹ کمشنر ہلال احمد میر نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا کہ جہاں بھی کوئی غیر معیاری چیز پائی جا تی ہے، اُسے فوراً ضائع کیا جاتا ہے۔

جھڑپ

جمونو کشمیر پولیس نے کٹھوعہ جھڑپ میں جاں بحق ہوئے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں پولیس نے کہا کہ ان جوانوں نے ملک کی سالمیت کےلئے جس عزم اور بہادر کا مظاہرہ کیا، اُسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

درخشاں اندرابی

جمونو کشمیر وقف بورڈ نے ایک اہم اقدام کے تحت اپنے ملازمین، پنشنروں اور فیملی پنشنروں کی تنخواہوں میں اضافہ کیا ہے۔ اس بات کا اعلان بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے بورڈ کی میٹنگ کے بعد کیا۔

تنخواہوں میں کئے گئے اضافے کے بارے میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا
۔

CUK

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر کے چانسلر لیفٹننٹ جنرل ریٹائرڈ سید عطا حسنین نے ادارے کے تولہ مولہ کیمپس میں ایک کیمونٹی ریڈیو سٹیشن کا افتتاح کیا۔ ہمارے نمائندے صابر ایوب نے خبر دی ہے کہ یہ اسٹیشن ایف ایم90.8 پر براڈ کاسٹر ہوا کرے گا۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مو دی آج صبح گیارہ بجے آکاشوانی پر ”من کی بات“ نام کے اپنے ریڈیو پروگرام میں ملک اور بیرون ملک رہنے والے بھارتی لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ اس ماہانہ ریڈیو پروگرام کا120واں شمارہ ہو گا۔

من کی بات“آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک// اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور ” نیوز آن اے آئی آر موبائل اپلیکیشن پر بھی نشر کیا جائے گا۔

ہندی نشریے کے فوراً بعد یہ پروگرام علاقائی زبانوں میں بھی پیش کیا جائے گا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت3 اعشاریہ 6ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....